FR-10

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

جمعہ 13 مارچ 2015ء 21 جمادی الاول 1436 ہجری 13 امان 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 60

کھانے میں شریک کرلیا

حضرت عبداللہ بن انیسؓ بیان کرتے ہیں کہ بنوسلمہ نے مجھے ایک کام سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا۔ میں نے رسول اللہؐ کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھی اورآپ کے دروازے پر کھڑا ہوگیا۔ آپؐ نے مجھے اندر بلالیا۔ اسی دوران آپؐ کے پاس رات کا کھانا آیا تو آپؐ نے مجھے کھانے میں شریک کرلیا۔

(سنن ابی داؤد کتاب الصلوٰۃ باب لیلة القدر حدیث نمبر1171)

اخلاق عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ ابتدائی ایام میں بھوک کی وجہ سے میں اپنے پیٹ پر پتھر باندھ لیتا یا زمین سے لگا تا تا کہ کچھ سہارا ملے۔ ایک دن میں ایسی جگہ پر بیٹھ گیا جہاں سے لوگ گزرتے تھے۔ میرے پاس سے حضرت ابوبکرؓ گزرے میں نے ان سے ایک آیت کا مطلب پوچھا۔ میری غرض یہ تھی کہ وہ مجھے کھانا کھلائیں لیکن وہ آیت کا مطلب بیان کرکے گزر گئے پھر حضرت عمرؓ کا گزر ہوا میں نے ان سے بھی اس آیت کا مطلب پوچھا۔ غرض یہی تھی کہ وہ کھانا کھلائیں لیکن وہ بھی آیت کا معنی بتا کر چلے گئے پھر میرے پاس سے آنحضرت ﷺ گزرے تو آپ نے تبسم فرمایا۔ میری حالت دیکھی اور میرے دل کی کیفیت کو بھانپ لیا۔

آنحضور ﷺ نے بڑے مشفقانہ انداز میں فرمایا۔ اے ابوہریرہ! میں نے عرض کیا۔ اے اللہ کے رسول! حاضر ہوں۔ آپ نے فرمایا۔ میرے ساتھ آؤ۔ میں آپ کے پیچھے پیچھے ہولیا۔ جب آپ گھر پہنچے اور اندر جانے لگے تو میں نے بھی اندر آنے کی اجازت مانگی۔ میں آپ کی اجازت سے اندر آ گیا۔ آپ نے دودھ کا ایک پیالہ پایا۔ آپ نے پوچھا۔ یہ دودھ کہاں سے آیا ہے؟ گھر والوں نے بتایا کہ فلاں شخص یا فلاں عورت تحفتاً دے گئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ابوہریرہ! صفہ میں رہنے والے سب لوگوں کو بلا لاؤ۔ یہ لوگ اسلام کے مہمان تھے اور ان کا نہ کوئی گھر بار تھا نہ کاروبار۔ جب رسول اللہ ﷺ کے پاس صدقہ کا مال آتا تو ان کے پاس بھیج دیتے اور خود کچھ نہ کھاتے اور اگر کہیں سے تحفہ آتا تو آپ صفہ والوں کے پاس بھی بھیجتے اور خود بھی کھاتے۔ بہرحال رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان کہ میں ان کو بلا لاؤں' مجھے ناگوار گزرا کہ ایک پیالہ دودھ ہے یہ اہل صفہ میں کس کس کے کام آئے گا' میں اس کا زیادہ ضرورت مند تھا تا کہ پی کر کچھ تقویت حاصل کرتا۔ پھر جب اہل صفہ آجائیں اور مجھے ہی رسول اللہ ﷺ ان کو پلانے کے لیے فرمائیں تو یہ اَور بھی برا ہوگا۔ بہرحال رسول اللہ ﷺ کے فرمان کی تعمیل کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔ چنانچہ میں اہل صفہ کو بلا لایا۔ جب سب آ گئے اور اپنی اپنی جگہ پر بیٹھ گئے تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ ان کو باری باری پیالہ پکڑاتے جاؤ (میں نے دل میں خیال کیا مجھ تک تو اب یہ دودھ پہنچنے سے رہا)۔ بہرحال میں پیالہ لے کر ہر آدمی کے پاس جاتا۔ جب وہ سیر ہو جاتا تو دوسرے کے پاس' اور جب وہ سیر ہو جاتا تو تیسرے کے پاس' یہاں تک کہ آخر میں میں نے پیالہ آنحضرت ﷺ کو دیا کہ سب کے سب سیر ہو کر پی چکے ہیں۔ پیالہ میں نے آپ کے ہاتھ پر رکھا۔ آپ نے میری طرف دیکھا اور تبسم فرمایا پھر کہا۔ اے ابوھریرہ! میں نے کہا یا رسول اللہ! فرمائیے۔ آپ نے ارشاد فرمایا اب تو صرف ہم دونوں رہ گئے ہیں۔ بیٹھو اور خوب پیئو۔ جب میں نے بس کیا تو فرمایا۔ ابوہریرہ اور پیئو! میں پھر پینے لگا۔ چنانچہ جب بھی میں پیالے سے منہ ہٹاتا تو آپ فرماتے۔ ابوہریرہ اور پیئو۔ جب اچھی طرح سیر ہوگیا تو عرض کیا۔ جس ذات نے آپ کو سچائی کے ساتھ بھیجا ہے اس کی قسم اب تو بالکل گنجائش نہیں چنانچہ میں نے پیالہ آپ کو دے دیا آپ نے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد کی اور پھر بسم اللہ پڑھ کر دودھ نوش فرمایا۔

(بخاری کتاب الرقاق باب کیف کان عیش النبی صلی اللہ علیہ و سلم و اصحابہ و تخلیھم من الدنیا)

داخلہ مدرسۃ الحفظ طالبات ربوہ

مدرسۃ الحفظ طالبات 3/14 دارالعلوم غربی حلقہ ثناء ربوہ میں داخلہ برائے سال 2015ء کیلئے درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ 20 مئی 2015ء ہے۔

داخلہ کے خواہشمند والدین سے درخواست ہے کہ سادہ کاغذ پر درخواست بنام پرنسپل عائشہ دینیات اکیڈمی مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ بھجوائیں۔

1۔ نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، ایڈریس، مع ٹیلی فون نمبر

2۔ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی

3۔ پرائمری پاس سرٹیفکیٹ/ پرائمری پاس رزلٹ کارڈ نہ ہونے کی صورت میں سکول کا تصدیق نامہ (انٹرویو کے وقت اصل رزلٹ کارڈ ہمراہ لائیں۔)

4۔ درخواست پر صدر صاحب/ امیر جماعت کی تصدیق لازمی ہے۔

اہلیت:۔

ا۔ امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 مئی 2015ء تک اس کی عمر ساڑھے گیارہ سال سے زائد نہ ہو۔

ب۔ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

ج۔ قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

د۔ امیدوار کا حفظ قرآن کریم میں ذاتی شوق و دلچسپی ضروری ہے۔

تمام درخواستیں عائشہ دینیات اکیڈمی 3/14 دارالعلوم غربی حلقہ ثناء میں جمع کروائیں۔

انٹرویو/ ٹیسٹ 7,8 جون کو صبح 7:30 بجے ادارہ میں ہوگا۔ انٹرویو کیلئے امیدواران کی فائنل لسٹ 4 جون 2015ء کو دفتر نظارت تعلیم ربوہ اور ادارہ میں لگائی جائے گی۔ تمام امیدواران انٹرویو کیلئے آنے سے قبل فائنل لسٹ میں اپنا نام چیک کرکے مقررہ وقت پر تشریف لائیں۔

منتخب امیدواران کی لسٹ 10 جون کو ادارہ اور نظارت تعلیم میں لگائی جائے گی۔ منتخب امیدواران

باقی صفحہ 12 پر

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال وجواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 30 جنوری 2015ء

س: احکام الٰہی پر عمل کے حوالہ سے حضور انور نے کیا تفصیل بیان فرمائی؟

ج: اللہ تعالیٰ نے انسان کی کمزوریوں اس کی حالت اور اس کی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے احکامات میں ایسی لچک رکھ دی ہے جس کے کم سے کم معیار بھی ہیں اور زیادہ سے زیادہ معیار بھی مقرر ہیں۔ پس جب ایسی لچک ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم میرے احکامات پر دیانتداری سے عمل کرو۔

س: ہر انسان احکام الٰہی پر عمل کرنے کا مکلّف کیوں ہے؟

ج: یہ خوبصورت تعلیم ہے دین حق کی جو انسانی فطرت کو سامنے رکھتے ہوئے دی گئی ہے۔ کسی کو اس اعتراض کی گنجائش نہیں رہنے دی کہ اے اللہ! تو نے میری فطرت تو ایسی بنائی ہے میری حالت تو ایسی بنائی ہے اور احکامات اس سے مطابقت نہ رکھنے والے دیئے ہیں۔ حکم تو تو مجھے یہ دے رہا ہے کہ اعلیٰ ترین معیار تیرے احکامات پر عمل کر کے قائم کروں اور میری جسمانی حالت یہ ہے کہ میں اس پر عمل اس معیار کے مطابق کر ہی نہیں سکتا یا میری ذہنی حالت نہیں یا میری اور کمزوریاں ہیں جو ان معیاروں کو حاصل کرنے میں روک ہیں۔ میں کس طرح اس پر عمل کر سکتا ہوں لیکن اللہ تعالیٰ نے لا یکلف اللّٰہ ...... کہہ کر تمام عذر ختم کر دیئے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنے احکامات اپنی تعلیم پر عمل کا انسان کو بیشک مکلّف ٹھہرایا ہے اس کو کہا ہے کہ تم ضرور کرو مگر اس کا چھوٹے سے چھوٹا معیار رکھ کر اس پر عمل نہ کر کے مؤاخذہ سے بچنے والوں کا عذر نہیں رہنے دیا۔

س: دین حق کی شریعت کا مدار کس اصول پر ہے؟

ج: حضور فرماتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود نے لا یکلف اللّٰہ ...... کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ ”شریعت کا مدار نرمی پر ہے سختی پر نہیں۔“ (ملفوظات جلد دوم ص 311) یعنی ہر ایک سے اس کی استعدادوں کے مطابق معاملہ کیا جائے گا شریعت نرمی اور آسانی دیتی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے استعدادوں کے مطابق عمل کا کہہ کر چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی کی حد مقرر کر دی۔ یہ حد بندی کر دی۔ ہر ایک کی اپنی ذہنی اور علمی حالت کے مطابق انسانی عقلوں کی بھی حد بندی کر دی۔ کاموں کی بھی حد بندی کر دی۔ سوائے اس کے کہ انسان ذہنی بیمار ہو یا پاگل ہو۔ چھوٹی سے چھوٹی عقل رکھنے والے کے لئے بھی اس کے مطابق عمل کا کہا ہے جو اس کی صلاحیتیں اور استعدادیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ یہ چاہتا ہے کہ ہر انسان ایمان حاصل کرے۔ اس لئے اس نے چھوٹی سے چھوٹی عقل کا بھی معیار قائم کیا کہ جو جس کی صلاحیت ہے اس کے مطابق اس کا ایمان تو بہر حال حاصل کرنا چاہئے۔

س: انسانی استعدادوں کو سامنے رکھتے ہوئے ایمان لانے کی ذمہ داری کے حوالہ سے کیا بیان فرمایا؟

ج: خدا تعالیٰ نے ادنیٰ عقل سے لے کر اعلیٰ عقل تک مختلف درجوں کے لحاظ سے معیار رکھے ہیں۔ کوئی بڑا عقلمند ہے کوئی کم عقلمند ہے۔ کسی میں زیادہ صلاحیتیں استعدادیں ہیں کسی میں کم ہیں۔ دنیاداری کے معاملات میں بھی ہم دیکھتے ہیں۔ اسی دماغی رجحان اور حالت کے مطابق کوئی اعلیٰ کام کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور یہ صلاحیت رکھتے ہوئے بہت آگے نکل جاتا ہے کوئی درمیان میں رہتا ہے کوئی بہت پیچھے رہ جاتا ہے۔ پھر پیشوں کے لحاظ سے بھی ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی کسی پیشے میں آگے نکلنے کی صلاحیت رکھتا ہے کوئی کسی پیشے میں۔ تعلیم کے لحاظ سے کسی کا رجحان کسی مضمون کی طرف ہوتا ہے کسی کا کسی طرف۔ تو یہ ایک فطری چیز ہے کہ رجحان مختلف کاموں کے کرنے اور ان میں کامیابی حاصل کرنے کی طرف لے جاتے ہیں۔ بہر حال کوئی انسان برابر نہیں ہوسکتا۔ اللہ تعالیٰ نے پیدا ہی نہیں کیا برابر، نہ حالات اس کو برابر رکھ سکتے ہیں۔ انسانوں کی صلاحیتوں میں فرق ہوتا ہے۔ برابر مواقع بھی دیئے جائیں تو تب بھی کوئی آگے نکل جاتا ہے کوئی پیچھے رہ جاتا ہے۔ عقل کے علاوہ بھی بعض عوامل کارفرما ہوتے ہیں یہی حالت ایمان کی بھی ہے۔ جس طرح ظاہری طور پر ہوتا ہے اسی طرح ایمان میں بھی ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کی بھی یہی حالت ہے کوئی آگے نکل جاتا ہے کوئی پیچھے رہ جاتا ہے۔ اپنی اپنی صلاحیتوں اور استعدادوں کے مطابق۔ ہم یہ امید تو سب سے کر سکتے ہیں کہ سب ایمان لے آئیں لیکن یہ نہیں ہوسکتا ہے نہ یہ کیا جا سکتا ہے کہ سب کا ایمان اور عمل کا معیار ایک جیسا ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ یہ تو فرماتا ہے کہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے، کیوں اپنی عاقبت خراب کرتے ہیں لیکن یہ مطالبہ قرآن کریم میں نہیں ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے مومن کیوں نہیں بنتے ہر ایک۔

س: حضور انور نے آنحضرت ﷺ کی کون سی حدیث پیش فرما کر انسانی استعدادوں کے مطابق عمل کرنے کا استنباط فرمایا؟

ج: ایک روایت میں آتا ہے ایک شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور دین حق کے متعلق پوچھا۔ آپ نے فرمایا دن رات میں پانچ نمازیں پڑھنا فرض ہے۔ اس نے پوچھا اس کے علاوہ بھی کوئی نماز فرض ہے آپ نے فرمایا نہیں اگر نفل پڑھنا چاہو تو پڑھ سکتے ہو۔ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک ماہ کے روزے رکھنا فرض ہے۔ اس نے پوچھا اس کے علاوہ بھی کوئی روزے فرض ہیں۔ آپ نے فرمایا نہیں۔ ہاں نفلی روزے رکھنا چاہو تو رکھ سکتے ہو۔ اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ کا بھی ذکر فرمایا۔ اس پر اس نے پوچھا۔ اس کے علاوہ بھی مجھ پر کوئی زکوٰۃ ہے۔ آپ نے فرمایا نہیں۔ ہاں ثواب کی خاطر تم نفلی صدقہ دینا چاہو تو دے سکتے ہو۔ یہ باتیں سن کر وہ شخص یہ کہتے ہوئے واپس چلا گیا کہ خدا کی قسم! نہ اس سے زیادہ کروں گا نہ کم۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ سچ کہتا ہے تو اس کو کامیاب سمجھو۔ آپ نے اس کو فلاح پانے والا کہا اور یہ کہہ کر جنت کی بشارت دی۔

پس اس بات سے پتا چلتا ہے کہ دین حق نے ہر ایک سے حضرت عمرؓ اور حضرت ابوبکرؓ جیسے ایمان کا مطالبہ نہیں کیا۔ ہر ایک کے مختلف درجے ہیں۔ ہر ایک کی طاقتیں ہیں، ہر ایک کے ایمان کے معیار ہیں۔

س: حضور انور نے مربیان اور دوسرے واقفین کو لوگوں کی استعدادوں کے مطابق کام لینے کی بابت کیا ہدایت فرمائی ہے؟

ج: فرمایا! مربیان اور دوسرے واقفین زندگی جن کو دین کا علم ہے خاص طور پر اس بات کی طرف توجہ کریں کہ لوگوں کی استعدادوں کو سہارے دے کر اوپر لائیں۔ کم از کم درجے سے اوپر کے درجوں کی طرف استعدادوں کو بڑھانے میں مدد دیں یا جن درجوں پر ہیں اس کے بھی جو مختلف معیار ہیں ان کو بھی بڑھانے کی کوشش کریں۔ یہ بات جہاں ترقی کرنے والے افراد کے ایمان و یقین میں اضافہ کرنے والی ہوگی وہاں جماعتی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔ مربیان کو تو اللہ تعالیٰ نے فرمادیا ہے کہ تمہارے علم کی وجہ سے تمہاری استعدادیں بڑھائی گئی ہیں ان کو اپنے بھائیوں کی استعدادیں بڑھانے کے لئے استعمال کرو جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم میں سے ایک ایسی جماعت ہونی چاہئے جس کا کام صرف یہ ہو کہ لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے۔ آجکل اللہ تعالیٰ کے فضل سے دنیا بھر میں جماعت احمدیہ کے کئی جامعات چل رہے ہیں جہاں سے دینی تعلیم حاصل کر کے مربیان نکل رہے ہیں۔ ان کا کام یہ ہے کہ جماعت کی تربیت کی طرف بھی پوری توجہ دیں۔ دینی علم انہوں نے صرف خاص موقعوں اور تقریروں یا مناظروں یا صرف چند افراد کو دعوت الی اللہ کرنے کے لئے نہیں سیکھا بلکہ مسلسل اپنے آپ کو اس کام میں مصروف رکھنا ہے۔ یہ ان کے فرائض میں داخل ہے۔ اپنوں کی تربیت بھی کرنی ہے۔ ان کے ایمان وایقان میں اضافے کے انہیں طریق بھی سکھانے ہیں۔ ان کی استعدادوں کو بڑھانے کی کوشش بھی کرنی ہے اور دنیا کو خیر کی طرف بلانے کے نئے سے نئے راستے اور طریق بھی ایجاد کرنے ہیں۔

س: حضور انور نے افراد جماعت کی تربیت کے حوالہ سے عہدیداران جماعت کو کیا تاکید فرمائی؟

ج: فرمایا! افراد جماعت کی استعدادوں کے معیار بلند کرنے میں واقفین زندگی اور خاص طور پر مربیان کی بہت بڑی ذمہ داری ہے اور بہت اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اسی طرح عہدے دار ہیں۔ افراد جماعت انہیں اس لئے عہدے دار بناتے ہیں کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ان افراد کی جن کو ہم کوئی عہدہ دینا چاہتے ہیں ان کی استعدادیں ان کا علم ان کی عقل ہم سے بہتر ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ منتخب کرنے والوں کی یہ سوچ ہونی چاہئے کیونکہ اس کے بغیر وہ اپنے امانت کا حق ادا نہیں کرتے یہ سوچ رکھنا کم از کم معیار ہے۔ فرض کی ادائیگی کا اگر یہ کم از کم معیار عہدے دار منتخب کرتے وقت سامنے ہو تو کبھی کوئی ایسا عہدیدار منتخب نہ ہو جو صرف عہدے کیلئے منتخب کیا گیا ہو۔ تو بہر حال عہدے داروں کا بھی یہ فرض ہے کہ جماعت کی علمی اور دینی ترقی کے معیاروں کو اونچا کرنے کی کوشش کریں ان کی استعدادوں کو بڑھانے کی کوشش کریں تا کہ اپنے اپنے لحاظ سے ہر ایک شخص کی استعدادوں میں اضافہ ہوتا رہے۔ تربیت کا معاملہ ہے تو سیکرٹری تربیت اور صدر جماعت کے ساتھ باقی عاملہ کا بھی فرض ہے کہ وہ اپنے نمونے کے ساتھ دوسروں کی تربیت کی طرف بھی توجہ دیں۔ مثلاً خطبات سننا ہے درس سننا ہے جماعتی پروگراموں میں شامل ہونا ہے تا کہ دینی اور علمی اور روحانی ترقی ہو۔ ان فنکشنز پر لانا اور پھر ان خطبات وغیرہ اور جلسوں وغیرہ سے فائدہ اٹھا کر مستقل افراد جماعت کو یاددہانی کرواتے رہنا یہ کام ہے عہدیداروں کا۔ جہاں یہ مربیان کا فرض ہے وہاں عہدے داروں کا بھی کام ہے۔ عاملہ کے تمام ممبران کا فرض ہے۔

س: تعلیم وتربیت کے حوالہ سے بعض مربیان کے طریق کار کا ذکر کرتے ہوئے حضور انور نے کیا نصیحت فرمائی؟

ج: فرمایا! بعض مربیان جو ہیں بڑے اعلیٰ رنگ میں اس کام کو سرانجام دیتے ہیں۔ میرے خطبے کے نوٹس بھی لیتے ہیں پھر اپنے درسوں میں اپنی مجلسوں میں سارا ہفتہ کسی نہ کسی بات کو لے کر تلقین کرتے ہیں جس کا افراد پر بھی افراد جماعت پر بھی نیک اثر پڑتا ہے۔ کئی لوگ مجھے اس کا اظہار بھی کر دیتے ہیں کہ درس سن کے ہمارے دینی علم میں اضافہ ہوا۔ فلاں عمل کو ہمیں صحیح طور پر کرنے کا طریق پتا چلا۔ ہماری سستیاں دور ہوئیں۔ لیکن اگر اس بات کو لے کر عہدے دار بھی اور ذمہ دار بھی دوسرے جو ہیں بیٹھے رہیں کہ ہم نے اپنے درس میں ایک اقتباس سنا دیا حضرت مسیح موعود کا یا لوگ خلیفہ وقت کا خطبہ سن لیتے ہیں اس لئے بار بار ذاتی طور پر بھی اور مختلف مجالس میں بھی ان باتوں کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے

باقی صفحہ 12 پر

محترم مولانا عطاء المجیب راشد صاحب

تقریر جلسہ سالانہ برطانیہ 2014ء

عائلی زندگی کے بارہ میں دینی تعلیمات

(قسط اول)

اللہ تبارک وتعالیٰ کی پیدا کردہ یہ حسین وجمیل دنیا آج بے شمار مصائب اور مسائل میں گھر چکی ہے۔خود اپنی شامتِ اعمال کے نتیجہ میں انسانیت مختلف نوعیت کی مشکلات سے دوچار ہے۔خدا کی ہستی کا انکار، لادینیت، سیاسی اور معاشی، ملکی اور عالمگیر مسائل کی ایک لمبی فہرست ہے۔اس تناظر میں ایک بہت بڑا عالمگیر مسئلہ گھروں کے سکون اور عائلی زندگی کی خوشی کا فقدان ہے۔

عائلی زندگی کے حوالہ سے دین حق اس بات کا علمبردار ہے کہ اس کی تعلیمات میں ازدواجی زندگی کو کامیاب اور خوشگوار بنانے کے سلسلہ میں کامل راہنمائی موجود ہے۔یہی بات میری آج کی تقریر کا موضوع ہے کہ عائلی زندگی کے بارہ میں دینی تعلیمات کیا ہیں؟

اللہ تعالیٰ کی توفیق سے میں دینی تعلیمات کے چند پہلو اختصار سے پیش کروں گا لیکن یہ بات یاد رہے کہ صرف تعلیمات کا علم کافی نہیں بلکہ ان کے مطابق عمل کرنے سے ہی عائلی زندگی کامیاب اور راحت بخش ہوسکتی ہے۔

کامیاب عائلی زندگی کا نسخہ کیمیا۔تقویٰ

حضرت مسیح موعود نے ایک نہایت خوبصورت مصرعہ لکھا کہ:

ہر اک نیکی کی جڑ یہ اتقاء ہے

دوسرا مصرعہ ابھی آپ سوچ ہی رہے تھے کہ الہاماً اللہ تعالیٰ نے عطا فرمادیا:

اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے

غور کیا جائے تو اس خوبصورت شعر میں انسان کی ساری زندگی اس کے دین، ایمان، فلاح اور کامیابی کا راز بیان کر دیا گیا ہے۔ایک مومن کی ازدواجی زندگی کا نقطہ آغاز تقریب نکاح ہے۔اس موقعہ پر رسول پاک ﷺ نے تلاوت کے لئے قرآن مجید کے تین مقامات سے چار آیات کریمہ کا انتخاب فرمایا۔ان میں پانچ مرتبہ تقویٰ کی تاکید کی گئی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ہے:

اللہ تعالیٰ نے پانچ جگہ نکاح کے موقع پر تقویٰ کا لفظ استعمال کر کے ہمیں اس طرف توجہ دلائی ہے کہ تمہارا ہر فعل، تمہارا ہر قول، تمہارا ہر عمل صرف اپنی ذات کے لئے نہ ہو بلکہ تقویٰ پر بنیاد رکھتے ہوئے، اللہ تعالیٰ کا خوف رکھتے ہوئے اللہ کے بھی حقوق ادا کرنے والا ہو اور ایک دوسرے کے بھی حقوق ادا کرنے والا ہو۔

(مستورات سے خطاب، فرمودہ 23 جولائی 2011ء برموقع جلسہ سالانہ یوکے)

تقویٰ کی اہمیت کے بارے میں حضرت مسیح پاک فرماتے ہیں:

قرآن شریف میں تمام احکام کی نسبت تقویٰ اور پرہیزگاری کے لئے بڑی تاکید ہے وجہ یہ ہے کہ تقویٰ ہر ایک بدی سے بچنے کے لئے قوت بخشتی ہے اور ہر ایک نیکی کی طرف دوڑنے کے لئے حرکت دیتی ہے اور اس قدر تاکید فرمانے میں بھید یہ ہے کہ تقویٰ ہر ایک باب میں انسان کے لئے سلامتی کا تعویذ ہے اور ہر ایک قسم کے فتنہ سے محفوظ رہنے کے لئے حصنِ حصین ہے۔

(ایام الصلح۔روحانی خزائن جلد 14 صفحہ 342)

حق یہ ہے کہ کامیاب اور بابرکت عائلی زندگی کا نسخہ کیمیا یہی تقویٰ ہے۔یہی وہ گوہرِ آبدار ہے جس کی برکت سے ازدواجی زندگی ایک شجرہ طیبہ بن جاتی ہے۔اس کی جڑیں تقویٰ کی زمین میں پیوستہ ہوتی ہیں اور اس کی شاخیں آسمان کی بلندیوں کو چھوتی ہیں اور اسی جوہر کی برکت سے یہ درخت ایک سدا بہار درخت بن جاتا ہے جو زندگی کے ہر مرحلہ میں ہمیشہ تازہ بتازہ لذیذ پھل عطا کرتا ہے۔ازدواجی زندگی اور اس کی کامیابی کی حقیقی بنیاد تقویٰ ہے۔جس گھر میں تقویٰ کی دولت ہے وہ گھر رحمتوں اور برکتوں کا خزینہ ہے اور جس گھر میں تقویٰ نہیں وہ ایک ویرانے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔

حضرت مسیح موعود نے اپنی جماعت کو تقویٰ کی بار بار نصیحت فرمائی ہے۔آپ اپنے منظوم کلام میں فرماتے ہیں:

عجب گوہر ہے جس کا نام تقویٰ
مبارک وہ ہے جس کا کام تقویٰ

تقویٰ کا مضمون بہت وسیع ہے اور انسان کی ساری زندگی پر حاوی ہے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تقویٰ کی ایک خوبصورت تعریف فرمائی۔فرمایا:

تقویٰ یہی ہے کہ ہر چھوٹی سے چھوٹی بُرائی کو بھی بیزار ہو کر ترک کرنا، ہر چھوٹی سے چھوٹی نیکی کو دل کی گہرائیوں سے چاہتے ہوئے اختیار کرنا۔

(خطاب فرمودہ 23 جولائی 2011ء برطانیہ)

عائلی زندگی کا اصل الاصول

عائلی زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے دین حق نے ایک بنیادی اصول بیان فرمایا ہے۔اللہ تعالیٰ مومن مردوں کو تاکیداً فرماتا ہے:

عَاشِرُوهُنَّ ......۔ (سورہ نساء آیت 20)

کہ اے مومن مردو! تم اپنے گھروں کو جنت کا گہوارہ بنانا چاہتے ہو تو اس اصول پر مضبوطی سے کاربند ہو جاؤ کہ ہمیشہ اپنی بیویوں سے نیک سلوک کے ساتھ زندگی بسر کرو۔اس آیت کریمہ میں ایسی سنہری ہدایت دی گئی ہے جو اصولی اور بنیادی ہے اور عائلی زندگی کو خوبصورت بنانے کی پختہ ضمانت بھی ہے۔اس سنہری اصول کی وضاحت میں رسول مقبول ﷺ کی یہ خوبصورت حدیث ہے جس میں آپ نے فرمایا:

خیر کم ......۔ (مشکوٰۃ۔باب عشرۃ النساء)

کہ خدا کی نظر میں تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو اپنی بیوی سے سلوک کرنے میں سب سے بہتر ہے۔آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کو مزید ترغیب دلانے کی غرض سے ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا کہ دیکھو میں تم کو جو تعلیم دیتا ہوں اس پر سب سے پہلے میں خود عمل کرتا ہوں میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ میں اپنے اہل خانہ سے سلوک کرنے میں تم سب سے بہتر ہوں۔پس میرے نمونہ کو سامنے رکھو اور اس کی پیروی کرو، تم بھی خدا کی نظر میں اس کے محبوب بن جاؤ گے!

رسول پاک ﷺ نے مزید فرمایا کہ مومن مرد اپنی بیوی کے منہ میں ایک لقمہ بھی ڈالتا ہے تو خدا تعالیٰ کی طرف سے اسے اس کا ثواب ملے گا۔

(صحیح بخاری، کتاب النکاح)

ایک دفعہ ایک دوست کی شکایت ہوئی کہ وہ بیوی سے سختی سے پیش آتا ہے تو آپ نے فرمایا: ہمارے احباب کو ایسا نہ ہونا چاہئے۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 2)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

چاہئے کہ بیویوں سے خاوند کا ایسا تعلق ہو جیسے دو سچے اور حقیقی دوستوں کا ہوتا ہے۔انسان کے اخلاق فاضلہ اور خدا تعالیٰ سے تعلق کی پہلی گواہ تو یہی عورتیں ہوتی ہیں۔اگر ان ہی سے اس کے تعلقات اچھے نہیں ہیں تو پھر کس طرح ممکن ہے کہ خدا تعالیٰ سے صلح ہو۔

(ملفوظات جلد 5 صفحہ 418)

خوشگوار عائلی زندگی کی کلید: دعا

عائلی زندگی کی کامیابی کی کلید دعا ہے۔دعا کیا ہے؟ اپنے آپ کو لاشی محض یقین کرتے ہوئے، قادر وتوانا خدا کے حضور پیش کرنا، اس کامل یقین کے ساتھ کہ دعا کے بغیر کچھ بھی ممکن نہیں اور دعا کے ساتھ ہر چیز ممکن ہے۔حضرت مسیح پاک نے کیا خوب فرمایا ہے کہ اگر مُردے زندہ ہوسکتے ہیں تو دعا سے اور اگر اندھے بینا ہوسکتے ہیں تو دعا سے۔پس یہی دعا ہے جو پتھر دل خاوند کو موم کرسکتی ہے جو باغیانہ سرشت کی بے باک عورت کو رام کرسکتی ہے۔

پس عائلی زندگی کو خوشگوار اور کامیاب بنانے کا تیرِ بہدف نسخہ دعا ہے۔یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اور اس کے محبوب رسول اکرم ﷺ نے ازدواجی زندگی کے قدم قدم پر مومنوں کو دعائیں سکھائیں اور اس بارہ میں تاکید فرمائی۔

دعا کا آغاز کس مرحلہ سے ہونا چاہئے؟

حضرت میر ناصر نواب صاحب سے کسی نے پوچھا کہ آپ کو یہ اعزاز کس طرح ملا اور کیا کام آپ نے کیا تھا جس کی وجہ سے آپ کو اتنا بڑا مقام حاصل ہوا کہ حضرت مسیح موعود آپ کے داماد بنے؟ انہوں نے بتایا کہ جب میری یہ بچی پیدا ہوئی تھی تو میں نے اس طرح تڑپ کے ساتھ جس طرح ایک ذبح کیا ہوا جانور تڑپتا ہے اللہ تعالیٰ کے حضور یہ دعا کی تھی کہ اس کو خود سنبھالنا اور ایسا مقام عطا کرنا جو دنیا میں کسی کو نہ ملا ہو۔جب حضرت میر صاحب یہ بیان فرما رہے تھے تو آپ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ایک موقع پر فرمایا ہے:

ہر ماں باپ کو اولاد کے لئے اس کی شادی کی عمر سے بہت پہلے دعائیں شروع کر دینی چاہئیں تاکہ انہیں نیک نصیب عطا ہوں اور ان کی آئندہ عائلی زندگی پُرسکون اور خوشیوں سے معمور ہو۔شادی شدہ جوڑے بھی اپنے ہاں نیک اولاد عطا ہونے کی دعائیں کرتے رہیں تو یہ بہت مبارک طریق ہے۔

دینی تعلیم یہ ہے کہ جب رشتہ کی تلاش کا مرحلہ آئے تو اس موقع پر خود بھی دعا کرو، بچوں کو دعا کی تلقین کرو اور دعائیں کرتے ہوئے سب مراحل طے ہوں۔دینی پہلو اور کفو کو ترجیح دی جائے۔اعلانِ نکاح ہو، رخصتانہ ہو، خلوت کا وقت ہو غرض ہر مرحلہ پر دعا ہی مومن کا سہارا ہے۔قرآن مجید نے عبادالرحمٰن کی ایک مستقل خوبی یہ بیان کی ہے کہ وہ ہمیشہ عائلی زندگی کے حوالہ سے یہ دعا کرتے رہے ہیں:

کہ اے ہمارے رب! ہمیں اپنے جیون ساتھیوں اور اپنی اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں متقیوں کا امام بنادے۔

(الفرقان 25:75)

ایک تو یہ بات یاد رکھنے والی ہے کہ جو دعا خود خدا تعالیٰ نے سکھائی ہو وہ اپنی افادیت اور قبولیت میں سب سے بڑھ کر ہوتی ہے۔دوسرے یہ دعا ایسی ہے کہ مردوں اور عورتوں دونوں سے متعلق ہے کیونکہ عربی میں زوج کا لفظ خاوند اور بیوی دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔تیسرے یہ کہ نیکی دراصل وہی ہے جس میں تسلسل اور دوام پایا جائے۔آنکھوں کی حقیقی ٹھنڈک میں یہ دعا بھی شامل ہے کہ بچے بھی حقیقی معنوں میں متقی ہوں اور نیکی کا تسلسل جاری رہے۔یہ ایک نہایت ہی جامع دعا ہے جس سے سارا گھر خوشی اور مسرت کی آماجگاہ بن سکتا ہے۔ساری زندگی اس کا بکثرت ورد کرنا چاہئے۔

دعا کا ذکر چل رہا ہے تو حضرت مسیح موعود کے

مبارک طریق کا ذکر بھی ضروری ہے۔فرماتے ہیں:

میری اپنی تو یہ حالت ہے کہ میری کوئی نماز ایسی نہیں ہے جس میں مَیں اپنے دوستوں اور اولاد اور بیوی کے لئے دعا نہیں کرتا۔

(تفسیر حضرت مسیح موعود جلد 6 صفحہ 355)

مردوں اور عورتوں کے حقوق وفرائض

دین حق نے خوشگوار عائلی زندگی کے حوالہ سے مردوں اور عورتوں دونوں کے حقوق وفرائض اور دائرہ کار کی پوری وضاحت فرمائی ہے۔خدا تعالیٰ کی نظر میں مرد اور عورت بحیثیت انسان، یکساں درجہ رکھتے ہیں جیسا کہ قرآن مجید میں متعدد بار ذکر آتا ہے کہ مرد عورت میں سے جو بھی نیک اعمال کرے گا اس کا اجر یکساں دیا جائے گا اور کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔

یہ حقیقی روحانی مساوات ہے جو دینی تعلیم کا طرّہ امتیاز ہے۔جسمانی لحاظ سے خدا تعالیٰ نے مردوں اور عورتوں کو مختلف قویٰ عطاء فرمائے اور اسی نسبت سے ان کے فرائض مقرر فرمادئے۔عائلی زندگی کے حوالہ سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

کہ عورتوں کا دستور کے مطابق مردوں پر اتنا ہی حق ہے جتنا کہ مردوں کا ان پر ہے۔جبکہ مردوں کو ان پر ایک قسم کی فوقیت بھی ہے۔

(سورۃ البقرہ آیت 229)

اس فوقیت کا ذکر دوسری جگہ سورۃ النساء آیت 35 میں آتا ہے کہ مرد عورتوں پر نگران ہیں اس فضیلت کی وجہ سے جو اللہ نے ان میں سے بعض کو بعض پر بخشی ہے اور اس وجہ سے بھی کہ وہ اپنے اموال ان پر خرچ کرتے ہیں۔قوام کے لفظ میں مردوں کی وسیع ذمہ داریوں کا ذکر ہے جو عائلی زندگی کے حوالہ سے ان پر عائد ہوتی ہے۔مرد گھر کا سربراہ ہے اور اس حوالہ سے اس عظیم ذمہ داری کا مکلّف بنایا گیا ہے۔

اس نہایت متوازن دینی تعلیم کو صحیح طور پر اپنانے سے عائلی زندگی میں ایک حسن اور نکھار پیدا ہوتا ہے۔جو اس گھر کو رحمتوں اور برکتوں سے بھر دیتا ہے۔

میاں بیوی میں باہمی تعاون اور موافقت

ازدواجی زندگی کو خوشگوار اور کامیاب بنانا مرد اور عورت دونوں کی ذمہ داری ہے۔تالی ہمیشہ دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔بالکل بجا کہا جاتا ہے کہ میاں اور بیوی ایک گاڑی کے دو پہیے ہیں۔ان کے ایک ساتھ چلنے سے ہی ازدواجی زندگی کا سفر بخیر وخوبی طے ہوسکتا ہے۔ان کے درمیان باہم موافقت اور تعاون سے ہی یہ رشتہ، جو انسانی زندگی میں سب سے نازک رشتہ ہے، باہمی مودت اور رحمت سے ہر دو کے لئے جسمانی اور روحانی تسکین اور خوشی کا موجب ہوسکتا ہے۔اس باہمی تعاون کو اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے:

کہ اے مردو! عورتیں تمہارا لباس ہیں اور تم ان کے لئے بطور لباس ہو۔ (سورۃ البقرہ:188)

حضرت مصلح موعود اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

مردوں اور عورتوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک دوسرے کے لئے ہمیشہ لباس کا کام دیں۔یعنی (1) ایک دوسرے کے عیب چھپائیں۔(2) ایک دوسرے کے لئے زینت کا موجب بنیں۔(3) پھر جس طرح لباس سردی گرمی کے ضرر سے انسانی جسم کو محفوظ رکھتا ہے اُسی طرح مرد و عورت دکھ سکھ کی گھڑیوں میں ایک دوسرے کے کام آئیں اور پریشانی کے عالم میں ایک دوسرے کی دلجمعی اور سکون کا باعث بنیں۔غرض جس طرح لباس جسم کی حفاظت کرتا ہے اور اُسے سردی گرمی کے اثرات سے بچاتا ہے۔اِسی طرح انہیں ایک دوسرے کا محافظ ہونا چاہئے۔ (تفسیر کبیر جلد 2 صفحہ 411)

دینی معاشرہ کو حسین بنانے اور گھروں کو جنت نظیر بنانے کی ذمہ داری یکساں طور پر مرد اور عورت پر ڈالی گئی ہے۔چھوٹی چھوٹی باتوں پر دلوں میں کدورت پیدا کرنا، معمولی معمولی باتوں کو طول دے کر گھر کی فضا کو مکدّر کر دینا پرلے درجہ کی جہالت ہے۔شادی تو وہ مقدس رشتہ ہے جس کو مودت ورحمت اور باہمی سکون اور سکینت کے لئے قائم کیا جاتا ہے۔ ہر مرد اور عورت کو یہ ارشاد خداوندی ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ:

جَعَلَ بَيْنَكُمْ ......۔ (سورۃ الروم آیت 22)

باہمی محبت اور رحمت ہی ازدواجی زندگی کا حقیقی مقصد اور حسن ہے۔

اس سلسلہ میں حضرت مسیح پاک کا یہ ارشاد بہت قابل توجہ ہے۔آپ نے فرمایا:

میرے نزدیک یہ نعمت اکثر نعمتوں کا اصل الاصول ہے اور چونکہ مومن اعلیٰ درجہ کے تقویٰ کا طالب و جویاں بلکہ عاشق وحریص ہوتا ہے اس لئے میری رائے میں وہ گھر بہشت کی طرح پاک اور برکتوں سے بھرا ہوا ہے جس میں مرد اور عورت میں محبت و اخلاص وموافقت ہو۔

(مکتوبات احمد جلد دوم، مکتوب 37 صفحہ 59)

ایک مومنہ بیوی کے اوصاف

دین نے اگر ایک طرف ایک خاوند کو بیوی سے حسن معاشرت کا پابند کیا ہے تو ایک مومنہ بیوی کے اوصاف کا بھی خوب وضاحت سے ذکر کیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان خوبیوں والی بیوی ہی عائلی زندگی کو خوبصورت بنانے میں اپنا کردار ادا کرسکتی ہے۔ان صفات کا جامع ذکر قرآن مجید کی سورۃ الاحزاب کی آیت 36 میں ملتا ہے۔

رسول پاک ﷺ نے بھی ایک مومنہ بیوی کی صفات اور فرائض کا تذکرہ فرمایا ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

کوئی عورت اس وقت تک خدا تعالیٰ کا حق ادا کرنے والی نہیں سمجھی جاسکتی جب تک کہ وہ اپنے خاوند کا حق ادا نہیں کرتی۔

(سنن ابن ماجہ)

پھر فرمایا: جس عورت نے پانچوں وقت کی نماز پڑھی۔رمضان کے روزے رکھے۔اپنے خاوند کی فرمانبرداری کی اور اُس کا کہا مانا۔ایسی عورت کو اختیار ہے کہ جنت کے جس دروازے سے چاہے داخل ہو۔ (طبرانی)

آنحضور ﷺ نے فرمایا۔بہترین عورت وہ ہے جسے اس کا خاوند دیکھے تو اس کا دل خوش ہو اور جب خاوند اس کو کوئی حکم دے تو وہ اس کی اطاعت کرے اور جس بات کو اُس کا خاوند ناپسند کرے اُس سے بچے۔ (مشکوٰۃ)

اسی طرح ایک موقعہ پر آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

خاوند کے گھر کی عمدگی کے ساتھ دیکھ بھال کرنے والی اور اسے اچھی طرح سنبھالنے والی عورت کو وہی ثواب اور اجر ملے گا جو اس کے خاوند کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے پر ملتا ہے۔

(حدیقۃ الصالحین، صفحہ 404)

حضرت ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جو عورت اس حالت میں فوت ہوئی کہ اس کا خاوند اس سے خوش اور راضی ہے تو وہ جنت میں جائے گی۔

(سنن ابن ماجه، كتاب النكاح، باب حق الزوج على المرأة)

مسیح پاک کا ایک ارشاد بہت توجہ سے سننے کے لائق ہے۔آپ نے فرمایا ہے:

عورتوں کے لئے خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اگر وہ اپنے خاوندوں کی اطاعت کریں گی تو خدا ان کو ہر ایک بلا سے بچاوے گا اور ان کی اولاد عمر والی ہوگی اور نیک بخت ہوگی۔

(تفسیر حضرت مسیح موعود، سورۃ النساء)

کسی بھی نظام کی کامیابی کا دارومدار اس بات پر ہوتا ہے کہ ہر فرد اپنی ذمہ داری صحیح طور پر ادا کرے۔عائلی زندگی کی کامیابی کا مدار بھی اسی اصول پر ہے۔خاوند اور بیوی دونوں اپنی اپنی ذمہ داری کو، اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر، پورے اخلاص اور وفا سے ادا کرنے والے ہوں تو تب ہی ان کی زندگی برکتوں کی آماجگاہ بن سکتی ہے اور عاقبت بھی سنور جاتی ہے۔

ماں باپ سے حسن سلوک اور ان کے لئے دعا

اللہ تعالیٰ نے میاں بیوی کا رشتہ اس مقصد سے قائم فرمایا ہے کہ دونوں میاں بیوی ایک دوسرے کے لئے باعث تسکین ہوں۔لیکن اس باہمی محبت و الفت کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ دونوں ایک دوسرے کی چاہت میں اس قدر ڈوب جائیں کہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ دیگر ذمہ داریوں کو بھول جائیں یا ان میں کوتاہی کریں۔

ایک بہت اہم ذمہ داری ماں باپ کے حوالہ سے ہے۔بچے خواہ چھوٹے ہوں یا شادی شدہ ہوں ماں باپ کی خدمت کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہنا چاہئے۔ماں کو کندھوں پر اٹھا کر حج کروانے سے بھی ماں کی خدمت کا حق ادا نہیں ہوتا۔سوئے ہوئے ماں باپ کے پاس ساری رات دودھ کا پیالہ لے کر کھڑے رہنے والے بیٹے کی نیکی کو اللہ تعالیٰ نے کس طرح نوازا۔ ماں کے قدموں کے نیچے جنت کی نوید ایسی نہیں کہ شادی ہوجانے کے بعد بیٹا بیٹی اپنی اس ذمہ داری کو بھول جائیں۔انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ ساری زندگی دونوں طرف کے والدین کی خدمت لازم ہے اور بڑھاپے کی عمر میں تو یہ فرض اور بھی ضروری ہوجاتا ہے۔خدمت کے علاوہ ماں باپ کے لئے مسلسل دعاؤں کی تعلیم اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔فرمایا کہ والدین کے لئے یہ دعا کیا کرو: رَبِّ ارْحَمْهُمَا ......۔

(سورۃ بنی اسرائیل 17:25)

کہ اے میرے رب! ان دونوں پر رحم کر جس طرح ان دونوں نے بچپن میں میری پرورش اور تربیت کی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا نمونہ دیکھیں۔ آپ نے فرمایا:

میں اپنے ماں باپ کے لئے دعا مانگنے سے تھکتا نہیں۔میں نے اب تک کوئی جنازہ ایسا نہیں پڑھا جس میں ان کے لئے دعا نہ مانگی ہو۔

(روزنامہ الفضل ربوہ 5۔اکتوبر 2009ء)

یاد رکھنا چاہئے کہ جس گھر میں والدین کا ادب، احترام اور خدمت کا وصف نہیں وہ رحمتوں اور برکتوں سے محروم ہوجاتا ہے۔

تربیت اولاد

خوشگوار اور بابرکت عائلی زندگی کا ایک اور اہم پہلو بچوں کی نیک تربیت ہے۔اس بات کی اہمیت کو نظرانداز کرنے سے، میاں بیوی کی باہمی محبت کے باوجود، ان کو آنکھوں کی حقیقی ٹھنڈک نصیب نہیں ہوسکتی۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں یہ دعا سکھلائی ہے کہ...... میرے بیوی بچوں کی بھی اصلاح فرما۔ اپنی حالت کی پاک تبدیلی اور دعاؤں کے ساتھ ساتھ اپنی اولاد اور بیوی کے واسطے بھی دعا کرتے رہنا چاہئے۔کیونکہ اکثر فتنے اولاد کی وجہ سے انسان پر پڑ جاتے ہیں اور اکثر بیوی کی وجہ سے۔

(ملفوظات جلد دہم)

اگر مرتے وقت کسی ماں یا باپ کو یہ نظر آئے کہ

وہ ایک متقی اولاد پیچھے چھوڑ کر جا رہے ہیں تو ان کا سفرِ آخرت پُرسکون ہو جاتا ہے۔ رسول پاک ﷺ نے بھی فرمایا ہے کہ کیا ہی خوش قسمت وہ شخص ہے جو اپنے پیچھے ایسی اولاد چھوڑ کر جاتا ہے جو اس کے لئے دعا کرنے والی ہوتی ہے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ اچھی تربیت سے بڑھ کر کوئی تحفہ نہیں جو ایک باپ اپنی اولاد کو دے سکتا ہے۔ (ترمذی)

نیز اس بات کی تلقین فرمائی۔

کہ اپنے بچوں سے عزت سے پیش آیا کرو اور ان کی اچھی تربیت کرو۔ (ابن ماجہ)

یہ بات اچھی طرح یاد رکھنے والی ہے کہ بچوں کی تربیت ماں اور باپ دونوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ باپ بھی اُسی طرح مکلّف ہے جس طرح ماں۔ دراصل دونوں مل کر ہی اس ذمہ داری کا حق صحیح طور پر ادا کر سکتے ہیں۔ بچوں کی نیک تربیت سے ہی ایک گھر واقعی طور پر جنت نظیر بنتا ہے۔ اِس حوالہ سے یہ بات بہت اہم ہے کہ خود والدین بچوں کے لئے نیک نمونہ ہوں۔ حضرت مسیح پاک نے فرمایا:

خود نیک بنو اور اپنی اولاد کے لئے ایک عمدہ نمونہ نیکی اور تقویٰ کا ہو جاؤ اور اس کو متقی اور دیندار بنانے کے لئے سعی اور دُعا کرو۔ جس قدر کوشش تم ان کے لئے مال جمع کرنے کی کرتے ہو اسی قدر کوشش اس امر میں کرو...... وہ کام کرو جو اولاد کے لئے بہترین نمونہ اور سبق ہو اور اس کے لئے ضروری ہے کہ سب سے اوّل خود اپنی اصلاح کرو۔ اگر تم اعلیٰ درجہ کے متقی اور پرہیزگار بن جاؤ گے اور خدا تعالیٰ کو راضی کر لو گے تو یقین کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری اولاد کے ساتھ بھی اچھا معاملہ کرے گا۔

(ملفوظات جلد 8 صفحہ 109-110)

گھریلو زندگی میں آنحضورؐ

کا اسوہ حسنہ

حسن معاشرت کے بارہ میں ہمارے آقا محمد عربی ﷺ نے دنیا کے سامنے جو ایمان افروز نمونہ پیش فرمایا وہ رہتی دنیا تک سب مردوں کے لئے سبق آموز اسوہ حسنہ ہے۔ میں چند امور آپ کے سامنے رکھتا ہوں اور مرد احباب سے اور بالخصوص ان مردوں سے جو گھریلو کام میں شامل ہونے کو عار سمجھتے ہیں میں ان سے کہتا ہوں کہ ذرا اسوہ رسول ﷺ کے اس مصفّا آئینہ میں دیکھیں اور پھر خود اپنا جائزہ لیں کہ ان کا طرز عمل کیسا ہے؟

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جتنا وقت آپ ﷺ گھر پر ہوتے تھے گھر والوں کی مدد اور خدمت میں مصروف رہتے یہاں تک کہ آپ ﷺ کو نماز کا بلاوہ آتا اور آپ ﷺ مسجد میں تشریف لے جاتے۔ (بخاری، کتاب الادب)

حدیث میں آتا ہے کہ آپ ﷺ گھر میں ہنستے کھیلتے، اہل و عیال سے خندہ پیشانی سے پیش آتے۔ ازواج مطہرات سے مزاح کرتے اور ان کی دلداری فرماتے۔ گھر کے کاموں میں مدد فرماتے۔ اگر کوئی بیوی آٹا گوندھ رہی ہوتی تو پانی لا دیتے۔ کھانا تیار ہو رہا ہوتا تو چولہے میں لکڑیاں ڈال دیتے۔ گویا کہ بلا تکلف گھر کے کام کاج کرتے۔

(صحیح بخاری، کتاب النکاح)

اگر کبھی رات کو دیر سے گھر لوٹتے تو کسی کو زحمت دیئے یا جگائے بغیر کھانا یا دودھ خود ہی تناول فرما لیتے۔

(مسلم، کتاب الاشربہ)

اس جگہ ذرا ایک لمحہ کے لئے رک کر سوچئے کہ ہم میں سے کتنے ہیں جو ان باتوں میں ہادیٔ کامل ﷺ کی اقتداء کرنے والے ہیں؟

واقعات کے آئینہ میں

آیئے اب رسول پاک ﷺ کی مقدس زندگی میں حسن معاشرت کے چند واقعات پر نظر ڈالتے ہیں۔

جن کی روشنی میں ہم سب اپنے اپنے حالات کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

ایک دفعہ آنحضور ﷺ اپنی زوجہ مطہرہ حضرت صفیہؓ کے ساتھ اونٹ پر سوار تھے کہ اونٹ کا پاؤں پھسلا اور آپ دونوں گر پڑے۔ حضرت ابو طلحہؓ فوراً آنحضور ﷺ کی طرف بڑھے آپ ﷺ نے فرمایا: عَلَیْكَ بِالْمَراَۃِ کہ پہلے عورت کا خیال کرو۔

ایک دفعہ کچھ ازواج مطہرات آنحضور ﷺ کے ساتھ سفر میں ہمراہ تھیں۔ ایک غلام انجشہ نامی حُدی پڑھنے لگے۔ جس کی وجہ سے اونٹ تیز چلنے لگے اور خطرہ پیدا ہوا کہ کہیں ازواج مطہرات جو اونٹوں پر سوار تھیں گر نہ جائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ذرا آہستہ چلو، آبگینوں کا خیال رکھو۔

(صحیح مسلم، کتاب الفضائل)

ایک ایرانی باشندہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہمسایہ تھا جو سالن بہت عمدہ پکاتا تھا۔ اس نے ایک دن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کھانا تیار کیا اور آپ ﷺ کو دعوت دینے آیا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا قیام حضرت عائشہؓ کے ہاں تھا وہ اس وقت پاس ہی تھیں۔ آپ نے ان کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ کیا یہ بھی ساتھ آ جائیں۔ اس نے غالباً تکلیف اور زیادہ اہتمام کرنے کے اندیشہ سے نفی میں جواب دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا پھر میں بھی نہیں آتا۔ تھوڑی دیر بعد وہ دوبارہ بلانے آیا تو آپ ﷺ نے پھر بتایا میری بیوی بھی ساتھ آئے گی۔ اس نے پھر نفی میں جواب دیا تو آپ ﷺ نے دعوت میں جانے سے معذرت کر دی۔ وہ چلا گیا۔ تھوڑی دیر بعد پھر آ کر گھر آنے کی دعوت دی تو آپ نے پھر اپنا وہی سوال دہرایا کہ عائشہ بھی آ جائیں تو اس مرتبہ اس نے حضرت عائشہؓ کو ہمراہ لانے کی حامی بھر لی۔ اس پر آپ ﷺ اور حضرت عائشہؓ دونوں اس ایرانی کے گھر تشریف لے گئے اور وہاں جا کر کھانا تناول فرمایا۔

(مسلم کتاب الاشربہ)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود خیبر پر احسان فرماتے ہوئے حضرت صفیہؓ بنت حیی کو اپنے عقد میں لینا پسند فرمایا۔ جنگ خیبر سے واپسی کا وقت آیا تو صحابہؓ نے یہ عجیب نظارہ دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اونٹ پر حضرت صفیہؓ کے لئے خود جگہ بنا رہے ہیں۔ وہ عبا جو آپ نے زیب تن کر رکھی تھی اُتاری اور اُسے تہہ کر کے حضرت صفیہؓ کے بیٹھنے کی جگہ پر بچھا دی۔ پھر ان کو سوار کراتے وقت اپنا گھٹنا ان کے آگے جھکا دیا اور فرمایا، اس پر پاؤں رکھ کر اونٹ پر سوار ہو جاؤ۔

(بخاری کتاب المغازی باب غزوہ خیبر)

ہمارے آقا محمد مصطفےٰ ﷺ کے حسن معاشرت کی اس سے زیادہ روشن دلیل اور کیا ہو سکتی ہے کہ اپنی وفات سے قبل جب آپ ﷺ نے بیویوں سے فرمایا کہ تم میں سے سب سے پہلے مجھے آ کر دوسرے جہاں میں وہ ملے گی جس کے ہاتھ لمبے ہوں گے۔ اس پر بیویوں کی محبت کا اور آپ ﷺ کی قربت کے شوق کا یہ عالم تھا کہ وہ فوراً اپنے ہاتھ ناپنے لگ گئیں۔ اس شوق میں وہ یہ بات کلیۃً فراموش کر بیٹھیں کہ یہ تو تب ہو گا جب موت کے دروازہ سے گزریں گی۔ یہ تڑپ اور شوقِ لقا آنحضرت ﷺ کے حسن و احسان اور حسن معاشرت کی بے مثل دلیل ہے۔

حضرت مسیح پاک کے

تاکیدی ارشادات

آنحضرت ﷺ کے غلامِ صادق حضرت مسیح پاک کے چند ارشادات بھی سماعت فرمائیں جو حسن معاشرت سے تعلق رکھتے ہیں:

حضرت مسیح موعود اپنی جماعت کے دوست احباب کے متعلق ناپسند فرماتے تھے کہ وہ عورتوں سے سختی سے پیش آئیں۔ حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی جو طبیعت کے ذرا سخت تھے۔ ایک بار اپنی بیوی کے ساتھ سختی کے ساتھ پیش آئے۔ حضرت مسیح موعود کو الہام ہوا۔ یہ طریق اچھا نہیں۔ اس سے روک دیا جائے۔ (-) کے لیڈر عبدالکریم کو خُذوُ الرِّفقَ ......نرمی کرو۔ نرمی کرو کہ تمام نیکیوں کا سر نرمی ہے۔ (تذکرہ صفحہ 409 ایڈیشن 1956ء)

اس الہام الٰہی کی تشریح کرتے ہوئے حضرت مسیح پاک فرماتے ہیں:

اس الہام میں تمام جماعت کے لئے تعلیم ہے کہ اپنی بیویوں سے رِفق اور نرمی کے ساتھ پیش آویں۔ وہ ان کی کنیزیں نہیں ہیں۔ درحقیقت نکاح مرد اور عورت کا باہم ایک معاہدہ ہے۔ پس کوشش کرو کہ اپنے معاہدہ میں دغا باز نہ ٹھہرو۔ روحانی اور جسمانی طور پر اپنی بیویوں سے نیکی کرو۔ ان کے لئے دعا کرتے رہو۔

(اربعین نمبر 3۔ روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 428 حاشیہ)

ایک رفیق کے بارہ میں یہ بات حضرت مسیح موعود کے علم میں آئی کہ ان کا سلوک اپنی اہلیہ سے اچھا نہیں۔ اس پر ان کے نام ایک درد بھرے مکتوب میں حضرت مسیح موعود نے تحریر فرمایا: اپنی بیویوں کو اس مسافر خانہ میں اپنا ایک دلی رفیق سمجھو اور احسان کے ساتھ معاشرت کرو۔ عزیز من انسان کی بیوی ایک مسکین اور ضعیف ہے جس کو خدا نے اس کے حوالہ کر دیا اور وہ دیکھتا ہے کہ ہر یک انسان اُس سے کیا معاملہ کرتا ہے۔ نرمی برتنی چاہئے اور ہر یک وقت دل میں یہ خیال کرنا چاہئے کہ میری بیوی ایک مہمان عزیز ہے جس کو خدا تعالیٰ نے میرے سپرد کیا ہے اور وہ دیکھ رہا ہے کہ میں کیونکر شرائط مہمان داری بجا لاتا ہوں۔ میں ایک خدا کا بندہ ہوں اور یہ بھی ایک خدا کی بندی ہے۔ مجھے اس پر کون سی زیادتی ہے۔ خونخوار انسان نہیں بننا چاہئے۔ بیویوں پر رحم کرنا چاہئے اور ان کو دین سکھلانا چاہئے۔ درحقیقت میرا یہی عقیدہ ہے کہ انسان کے اخلاق کے امتحان کا پہلا موقعہ اس کی بیوی ہے۔

(تفسیر حضرت مسیح موعود جلد 2 صفحہ 230)

ہاتھی کا حملہ خطرناک ہے

بظاہر دوست اور معصوم دکھائی دینے والے اس جانور کی سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ اس کا دماغ کسی وقت بھی گھوم سکتا ہے۔ انسانوں کے ہاتھوں ہاتھیوں کی پناہ گاہوں کی تباہی اور خوراک کی کمی کے باعث غضب ناک ہاتھیوں کے حملوں میں ہر سال بڑی تعداد میں لوگ مارے جاتے ہیں۔ ہاتھی ایک ایسا جانور ہے جس کے موڈ کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ ہاتھیوں کے باعث چڑیا گھروں کے کئی ایسے نگران بھی مارے جا چکے ہیں جو پندرہ پندرہ سال سے ان کے ساتھ تھے اعداد و شمار کے مطابق ایسے ہاتھیوں کا دماغ اچانک پھر جاتا ہے جو بہت اچھی طرح سدھائے ہوئے ہوتے ہیں۔ ہاتھیوں کو کچھ پتہ نہیں چلتا کہ ان کی ایک حرکت سے کتنا نقصان ہو چکا ہے۔ ہاتھیوں کے حملوں کے باعث ہر سال تین سو سے لیکر پانچ سو تک مہلک واقعات پیش آتے ہیں۔ ہاتھی افریقہ اور ایشیا بالخصوص بھارت میں پائے جاتے ہیں۔ ہاتھی اپنے باہر نکلے دانتوں کے ذریعے مدمقابل پر حملہ کرتے ہیں اور اپنی جسامت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مدمقابل کو کچل ڈالتے ہیں۔

بچاؤ کے طریقے

ہاتھی کے سامنے آنے کی کوشش نہ کریں۔ اگر ہاتھی سے سامنا ہو بھی جائے تو اسے مشتعل یا متوجہ کرنے کی کوشش نہ کریں۔ اگر آپ محسوس کریں کہ ہاتھی آپ پر حملہ کر سکتا ہے تو جس قدر ہو سکے شور مچائیں اور اسے خود سے دور کرنے کی کوشش کریں۔ بصورت دیگر درخت پر چڑھ جائیں اور اس مقصد کیلئے ہو سکے تو مضبوط اور بڑے درخت کا انتخاب کریں تا کہ ہاتھی اسے گرا نہ سکے۔

مکرم پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود الحسن نوری طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ

ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کی یادیں

ان کے مکان کی قومی یادگار کی حالت اور عظیم لوگوں کا خراج تحسین

جب کہ میں ابھی محض نو سال کا تھا میرے والد صاحب نے مجھے دعا کی طاقت سے ایک واقعہ سنا کر آشنا کیا۔ وہ واقعہ کچھ یوں ہے ایک نیک آدمی کے گھر ایک لڑکا پیدا ہوا جس نے 9 سال کی عمر تک بولنا بھی شروع نہ کیا۔ اس لڑکے کے والد اسے ایک نہایت نیک اور عمر رسیدہ بزرگ کے پاس لے گئے تا کہ ان سے اس کے متعلق مشورہ لیا جائے اور دعا کی درخواست بھی کی جائے۔ بزرگ نے دعا کی اور پیش گوئی فرمائی کہ ایک دن یہ لڑکا اتنا بولے گا کہ دنیا اسے سنے گی۔ میرا یہ ڈاکٹر عبدالسلام سے پہلا غائبانہ تعارف تھا۔

ربوہ میں ایک عظیم الشان چھ منزلہ ہسپتال طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ موجود ہے۔ یہ محض منافع کمانے کے لئے نہیں ہے بلکہ بنیادی طور پر پاکستان کے انتہائی غریب اور پسماندہ لوگوں کی خدمت کے لئے مختص ہے۔ اس ہسپتال کی چھٹی منزل سے شمال مغربی جانب بہشتی مقبرہ دکھائی دیتا ہے جہاں ڈاکٹر عبد السلام صاحب اپنے والدین کے پہلو میں مدفون ہیں۔ یہ بہشتی مقبرہ ان افراد کے لئے مخصوص ہے جنھوں نے اپنی سالانہ کمائی کا کم ازکم دسواں حصہ خدمت دین کے لئے وقف کر چھوڑا تھا۔ اس قبرستان میں داخل ہونے کے بعد چند قدم ہی طے کریں گے کہ آپ اس عالمی شہرت یافتہ انسان کی قبر پر حاضر ہو جائیں گے جو کہ پاکستان کا سب سے عظیم الشان سائنسدان ہے۔ ان کے مزار پر کندہ ہے۔

ڈاکٹر عبدالسلام، پہلے......نوبیل انعام یافتہ۔

حکومتی کارندوں نے ان کی وفات کے کچھ عرصہ کے بعد اس قبر کا دورہ کیا اور سفید پینٹ سے مسلمان کا لفظ مٹا دیا۔ ڈاکٹر عبد السلام صاحب نے 1979ء میں نوبیل انعام حاصل کیا۔ میں اپنے والد صاحب کے ہمراہ دسمبر 1979ء میں ان سے کیمپین روڈ، پٹنے ریزیڈنس کی رہائش گاہ پر ملاقات کے لئے حاضر ہو گیا۔ ہم اس شخص کی بحیثیت سائنسدان عظیم الشان شخصیت سے مرعوب ہونے کے لئے تیار تھے۔ جب میں نے گھر کی گھنٹی بجائی تو ایک باریش شخصیت جس کی داڑھی چاندی نما تھی آنکھوں پر چشمہ لگائے نمودار ہوا۔ اس نے اونی ٹوپی پہن رکھی تھی۔ ہنستے مسکراتے چہرے کے ساتھ وہ ہمیں ایک کمرے میں لے گیا۔ جب ہم نے اسے پہلی مرتبہ دیکھا تو وہ پُر رعب نظر آیا لیکن اس کی آنکھیں اس کی قابلیت کا صحیح اظہار کر رہی تھیں۔ جو اس کے سنجیدہ چہرے کو انتہائی نرم اور شفیق چہرے میں بدل رہی تھیں۔ اس کمرے میں کتابوں سے مزین کئی الماریاں تھیں۔ جن میں سائنس، مذہب، ادب اور قرآن مجید کے نمونے شامل تھے۔ انہوں نے ہمیں کرسیوں پر تشریف رکھنے کا کہا اور خود قالین پر گاؤ تکیہ لگا کر بیٹھ گئے۔ ابتدائی حال احوال پوچھنے کے بعد میں نے یکدم ان سے دریافت کیا کہ سر، نوبیل انعام حاصل کرنے کے لئے آپ کی INSPIRATION کیا تھی؟ بغیر کسی توقف کہ آپ نے قرآن مجید کی طرف اشارہ فرمایا۔ اس کے ساتھ ہی آپ کی مسکراہٹ بڑھ گئی اور آنکھوں میں ایک چمک پیدا ہو گئی۔ آپ نے اپنا ہاتھ فضا میں بلند کیا جیسے کوئی کہانی سنانے کے لئے بیتاب ہو۔ انہوں نے اپنی UNIFICATION THEORY کے متعلق مجھے آگاہ کیا اور اسے میرے لئے آسان فہم بنا دیا اور جدید فزکس اور ریاضی کی اصطلاحات کا استعمال نہ کیا۔ اپنی گفتگو کو ختم کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ ایک سرچ تو Quark Level تک پہنچ چکی ہے۔ شاید ابھی ایک اور قدم باقی ہے اور شاید ایک اور یہانتک کہ صرف ایک ہی شے رہ جائے جس سے تمام مادہ کی بنیاد پڑی ہے۔ آپ کا سفر توحید، اس کی سادگی اور خوبصورتی کے لئے تھا۔

اگلے گھنٹے میں نے Electroweak Unification Theaory کے متعلق معلومات حاصل کیں جو کہ چار میں سے دو بنیادی طاقتوں کو متحد کرتی ہے جس کی وجہ سے آپ کو نوبیل پرائز سے نوازا گیا۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا مذہبی نظریات نے آپ کو اس تھیوری کی طرف مائل کیا تو آپ نے قہقہہ لگایا اور فرمایا کہ قرآن کا آٹھواں حصہ ایمان والوں کو فطرت کی تعلیم حاصل کرنے کا حکم دیتا ہے اور فطرت میں سے خداتعالیٰ کے نشانات ڈھونڈ ھنے کا حکم فرماتا ہے۔ دین کا سائنس سے کوئی اختلاف نہیں ہے۔

آپ نے تاریخ سائنس، مسلمانوں کی سائنسی خدمات، بین الاقوامی تعلقات اور دنیا کی اس ناانصافی پر گفتگو کی جس میں مواقع کی کمی کے باعث قابل طالب علم بھی تعلیم سے محروم رہ جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ مسلمانوں میں سائنس کی وراثت کے تنزل پر بھی غم وغصہ کا اظہار کیا۔

ڈاکٹر عبدالسلام اپنے آپ کو پیش گوئی کرنے والا ہرگز نہ سمجھتے تھے۔ سائنس کی راہ میں وہ اپنے آپ کو ایک عاجز اور خاکسار تصور کرتے تھے۔ اس گھنٹہ میں ان کی آواز کے سُر نے مجھے لطف اٹھانے پر مجبور کر دیا۔ آپ کی شخصیت کا مجھ پر غیر مرئی طور پر اثر تھا۔ آپ کے لئے میری تحسین حد درجہ تک بڑھ چکی تھی۔

سن 2010ء میں سردیوں کی ایک صبح میں نے آپ کی جنم بھومی جھنگ کا سفر کیا۔ میرا ایک دوست مجھے گنجان آباد اندرون شہر لے گیا۔ اندرون شہر نہایت تنگ گلیوں والا ہے جس کی کشادگی بمشکل چار فٹ ہو گی۔ اس جگہ نالیوں سے پانی بہہ رہا تھا اور بڑی تعداد میں کیڑے مکوڑے تھے۔ فضا میں عجیب قسم کی بدبو پھیلی ہوئی تھی۔ ڈاکٹر عبدالسلام کے گھر کے متعلق دریافت کرنے پر ایک نوجوان آدمی نے جواب دیا کہ کون سلام؟ وہ قصائی! ایک اور آدمی ہمیں ایک سائیکل کی دکان کے مالک کے پاس لے گیا۔ گھر کا داخلی راستہ بند تھا۔ ایک انتہائی خستہ حال موسم کے ستائے ہوئے لکڑی کے دروازے سے ہم گھر کے اندر داخل ہوئے جہاں اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں ہاتھ سے کندہ تھا:

قومی یادگار، ڈاکٹر عبدالسلام نوبیل انعام یافتہ کی جائے پیدائش جسے آثار قدیمہ کی حفاظت کے قانون کی رو سے 1981ء میں محفوظ کیا گیا۔ آرکیالوجی ڈیپارٹمنٹ، حکومت پاکستان۔

جب دروازہ کھولا گیا تو دو بھیڑوں نے ہمارا استقبال کیا۔ صحن کی حالت شکستہ تھی۔ وہ ہمیں دو اندھیری کوٹھڑیوں کی طرف لے گئے۔ ایک خالی تھی جبکہ دوسری میں ایک چارپائی پڑی ہوئی تھی جس پر جانوروں کے لئے کچھ چارہ تھا۔ چھت سے اردگرد کا گنجان آباد علاقہ صاف دکھائی دے رہا تھا جہاں گھر ایک دوسرے سے ملحق تھے۔ بجلی کی ننگی تاریں خطرناک طور پر شہریوں کے لئے مصیبت کا باعث بنی ہوئی تھیں۔ بنیروں پر کپڑے سکھانے کے لئے ڈالے گئے تھے۔ قریب ہی ایک بیت الذکر اور بڑا مسحور کن درخت کھڑا تھا۔ دونوں ہی کا بچپن میں سلام خوب چکر لگاتے تھے۔ بیت کا روزانہ کی نماز پڑھنے کے لئے اور درخت کا تپتی دھوپ میں سایہ اور ٹھنڈک کے لئے تاکہ اس کے نیچے پڑھا جاسکے۔

اس قومی یادگار کو دیکھ کر میری قوت گویائی سلب ہو گئی۔ اس کی یہ افسوس ناک حالت دیکھ کر یکدم میں سہم کر رہ گیا۔ میری اس خوفناک حالت کو دیکھ کر میرے گائیڈ نے وجہ پوچھی تو میرے ہونٹ کانپ اٹھے آخر کار میں نے صاف آواز میں جواب دیا۔ نوبیل پرائز ان لوگوں کے لئے مختص ہے جنھوں نے انسانیت کی خدمت کے لئے قابل قدر کارنامہ انجام دیا ہو۔ کیا ہم اپنی زمین کے بیٹے سے ایسا سلوک کریں گے؟

اس کے برعکس باہر کی دنیا نے آپ کے ساتھ ایک CELEBRITY کا سا برتاؤ کیا۔ آپ کو بیشمار ایوارڈز اور انعامات سے نوازا گیا اور آپ کی ملاقاتیں تیس سے زائد سربراہان مملکت کے ساتھ ہوئیں نوجوان سائنسدانوں کے لئے آپ رول ماڈل کی حیثیت رکھتے تھے۔ ڈاکٹر N. M BUTT جو کہ ریٹائرڈ پروفیسر ہیں اور پاکستان سائنس فاؤنڈیشن کی چیئرمین ہیں انہوں نے مجھے ایک ملاقات میں بتایا۔

میں ٹریسٹ میں تھا جب ڈاکٹر عبدالسلام صاحب نے نوبیل انعام حاصل کیا۔ اپنے بیٹے کے اعزاز میں اس رات سارا شہر روشنیوں سے جگمگا رہا تھا۔ یہ ایک مسحور کن منظر تھا۔ ٹریسٹ جو کہ ایک اطالوی شہر ہے جسے Sleeping Beauty اور Shanghai of Easterneurope کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ اس شہر نے وہ اوقات بھی دیکھے ہیں جب اس کی گلیوں میں Sigmund Freud اور James Joyce جیسے افراد گھوما پھرا کرتے تھے۔ اس شہر کو اپنے سمندر پر بہت ناز ہے، جو کہ یہاں ہمیشہ رہے گا۔ اس کے علاوہ SCTP بھی یہاں ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ ایک ایسا Scientific Accelerator جہاں سے ڈاکٹر عبد السلام کے خیالات ازسرنو جوان ہوتے رہیں گے۔

پروفیسر جنرل محمد اسلم جو کہ دو بہترین میڈیکل انسٹیٹیوٹس کے پرنسپل اور اس کے علاوہ مشہور سکالر ہیں۔ انھوں نے مجھ سے بیان کیا۔ میں NUST کی نمائندگی John Hopkins University USA کے سامنے کر رہا تھا کہ ایک نمائندہ مجھ سے ملنے آیا اور دریافت کیا کہ کیا آپ پاکستان سے ہیں۔ میں نے اثبات میں جواب دیا۔ تو انہوں نے اچانک کہا کہ میں پاکستان کو ڈاکٹر عبدالسلام کی وجہ سے جانتا ہوں۔

جنرل محمد صفدر جو کہ PAKISTAN ARMED FORCES کے چیف آف جنرل سٹاف رہے ہیں۔ اس کے علاوہ پنجاب یونیورسٹی کے سابقہ وائس چانسلر اور گورنر پنجاب بھی رہے ہیں۔ انہیں مراکش میں سفیر مقرر کیا گیا۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ ڈاکٹر عبدالسلام کو مراکش کے بادشاہ نے دعوت دی۔ ڈاکٹر صاحب وہیل چیئر پر تھے۔ بادشاہ خود ڈاکٹر صاحب کے پاس گیا اور بڑی گرم جوشی سے اس کا استقبال کیا۔

میں بطور سفیر اس بات سے بہت متاثر ہوا۔

NEW SCIENTIST WEEKLY کے 14 جولائی 2012ء شمارہ کے صفحہ نمبر 5 پر ایک داڑھی والے چشمہ لگائے ہوئے سائنسدان کی تصویر دی گئی ہے اور لکھا ہے ڈاکٹر عبدالسلام PHYSICIANS کے درمیان ایک دیو۔ کیسے پاکستانی سائنسدان عبد السلام نے امریکہ کے سائنسدان STEVEN WIENBERG اور SHELDON GLASHOW کے ساتھ مل کر ELECTROWEAK THEORY کی بنیاد رکھی جس نے چار میں سے دو بنیادی قوتوں کو متحد کیا۔ ان کے کام کی وجہ سے Standard Model بنانے میں مدد کی۔ جس کا فیصلہ کن حصہ Higgs ہوا اور تینوں نے 1979ء میں نوبیل انعام اسی سبب سے حاصل کیا۔ یہ اخبار مزید اضافہ کرتا ہے کہ کامیابی کے باوجود 1970ء کی دہائی میں

باقی صفحہ 11 پر

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

مسل نمبر 118541 میں امتیاز مبارک

ولد مبارک احمد قوم...... پیشہ طالب علم عمر...... سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اسلامیہ پارک مبشر سٹریٹ گوجرانوالہ ضلع گوجرانوالہ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 05/09/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/500 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔امتیاز مبارک گواہ شد نمبر1 لال شاہ ولد رحمت شاہ گواہ شد نمبر2 حکیم عبدالقدیر انجم ولد صوفی بشیر احمد

مسل نمبر 118542 میں مرزا محمد عاقب عثمان

ولد مرزا عرفان احمد قوم مغل پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن C-23 جناح روڈ دستگیر سکول گوجرانوالہ ضلع گوجرانوالہ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 26/08/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/600 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔مرزا محمد عاقب عثمان گواہ شد نمبر1 مرزا فرحان شریف ولد مرزا عرفان احمد گواہ شد نمبر2 مرزا عرفان احمد ولد مرزا محمد شریف

مسل نمبر 118543 میں رافعہ زاہد

بنت مرزا زاہد احمد قوم مغل پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلی نمبر2 امیر پارک ڈی سی روڈ گوجرانوالہ ضلع گوجرانوالہ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10/07/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل درج کر دی گئی ہے۔ 1۔بالیاں 2 ماشہ 7000 پاکستانی روپے ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/600 پاکستانی روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔رافعہ زاہد گواہ شد نمبر1 لال شاہ ولد رحمت شاہ گواہ شد نمبر2 مرزا زاہد احمد ولد مرزا بشارت احمد

مسل نمبر 118544 میں ماہرہ زاہد

بنت مرزا زاہد احمد قوم مغل پیشہ طالبعلم عمر......سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلی نمبر2 ڈی سی روڈ محلّہ امیر پارک گوجرانوالہ ضلع گوجرانوالہ ملک پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09/07/2104 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ EARING.1 - 2Masha ۔ 7000 پاکستانی روپے ہے اس وقت مجھے مبلغ -/600 پاکستانی روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ۔ماہرہ زاہد گواہ شد نمبر1 لال شاہ ولد رحمت شاہ گواہ شد نمبر2 مرزا زاہد احمد ولد مرزا بشارت احمد

مسل نمبر 118545 میں ندا عدیل

